# 2023 انتخابات: آپ کو **عوامی فنڈز میں سے ادائیگیوں** کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

**مبارک ہو--آپ میچنگ فنڈز پروگرام میں شامل ہو گئے ہیں!** یہ پروگرام سٹی کے رہائشیوں کی جانب سے تعاون کو عوامی فنڈز سے میچ کر کے دفتر کے لیے انتخاب لڑنے والے زیادہ امیدواروں کو بااختیار بناتا ہے۔ پروگرام کے کام کرنے کے طریقے اور امیدواروں اور عوام کو اس کے فائدے کے متعلق یہاں مزید جانیں۔

یہ رہنماء دستاویز عوامی فنڈز کے لیے اہل ہونے کے لیے تقاضوں اور آخری تاریخوں، ادائیگیوں کے وقت، عوامی فنڈز میں سے ادائیگیوں سے کٹوتیوں اور تعمیل کے مسائل، جو آپ کو 2023 کے انتخابات میں عوامی فنڈز وصول کرنے کے لیے نااہل کر سکتے ہیں، کے متعلق ایک مجموعی جائزہ ہے۔

عوامی فنڈز وصول کرنا ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ آپ کو اس چیز کا لازمی طور پر حساب رکھنا ہو گا کہ آپ اپنی مہم کو وصول ہونے والا ہر عوامی ڈالر کیسے خرچ کرتے ہیں۔ عوامی فنڈز صرف "اہل اخراجات" پر خرچ کیے جا سکتے ہیں--ایسے اخراجات جو دفتر میں آپ کے انتخاب کو آگے بڑھاتے ہیں **اور** جن کی بروقت اور درست طریقے سے اطلاع رسانی اور دستاویز بندی کی جاتی ہے۔ اپنی رپورٹنگ اور ریکارڈ سازی میں محتاط ہوں: ہر ٹرانزیکشن کے واقع ہونے کے وقت پر اپنے اخراجات کی تفصیلی انوائسز، رسیدوں، لیز کے معاہدوں، معاہدوں اور ٹائم شیٹس کے ساتھ دستاویز بندی کریں، انہیں C-SMART میں درج کریں اور انکشاف کے قابل اطلاق عرصے میں ان کی اطلاع دیں۔ عوامی فنڈز آپ کے خرچ کی حد کے 89% تک ہو سکتے ہیں، لہذا یقینی بنائیں کہ آپ مہم کے فنڈز کو صرف اہل اخراجات پر خرچ کریں اور یہ کہ ان اخراجات کی تفصیلی طور پر دستاویز بندی ہو۔ **آپ پر عوامی فنڈز کی واپس ادائیگی کی ذمہ داری لاگو ہو گی، اگر آپ اپنی مہم کو وصول ہونے والے عوامی فنڈز کی رقم کے برابر اہل اخراجات کی اطلاع رسانی اور دستاویز بندی نہ کریں۔** مہم فائنانس ہینڈ بک کو پڑھ کر عوامی فنڈز کو وصول اور خرچ کرنے کے متعلق مزید جانیں۔ اس کے علاوہ مہم فائنانس ایکٹ اور مہم فائنانس بورڈ (CFB) کے قواعد ملاحظہ کریں۔

**نوٹ:** 2023 کا انتخابی دور **صرف** سٹی کونسل کا انتخاب لڑنے والے امیدواروں کے لیے ہے۔ 2025 کے پورے شہر کے انتخابی دور کے لیے ایک رہنماء دستاویز جنوری 2024 میں شائع ہو گی۔

## تقاضے

عوامی فنڈز وصول کرنے کے لیے امیدواروں کو میچنگ فنڈز پروگرام میں شامل ہونا ہو گا، مہم فائنانس ایکٹ اور بورڈ کے قواعد کی پابندی کرنی ہو گی، کم از کم ایک حریف کے حامل ہونا ہو گا، بیلٹ پر ظاہر ہونے کے تمام تقاضوں کو پورا کرنے کے اپنے ارادے کی تصدیق کرنی ہو گی اور ادائیگی کی ہر تاریخ کے لیے مختص آخری وقت تک درج ذیل تمام تقاضے پورے کرنے ہوں گے (pp. 3–5):

- ❑ جب آپ CFB پورٹل کے ذریعے ایک امیدوار کے طور پر رجسٹر ہوتے ہیں، تو **نشاندہی کریں کہ آپ میچنگ فنڈز پروگرام میں شامل ہونا چاہتے ہیں۔** (اگر آپ پہلے سے رجسٹر ہو چکے ہیں، تو آپ 1 مئی 2023 کی آخری تاریخ تک کسی بھی وقت اپنی رجسٹریشن میں ترمیم کر کے شامل ہو سکتے ہیں۔) امیدوار اور خرانچی، دونوں کو لاگ ان کرنا ہو گا اور رجسٹریشن کی نظرثانی اور اندراج کروانا ہو گا۔
- ❑ NYC رہائشیوں سے میچ ہونے کے قابل تعاون جمع کر کے **دو حصوں کی مالی** حد کو پورا کریں۔

- ❑ قابل اطلاق آخری تاریخوں تک **تمام انکشافی بیانات جمع کروائیں۔**
- ❑ **تعمیل اور C-SMART، دونوں کی تربیتیں مکمل کریں۔**
- ❑ کنفلکٹس آف انٹریسٹ بورڈ (COIB) کو **ذاتی مالی انکشاف کے اندراج(ات) جمع کروائیں۔**
- ❑ آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے **ضرورت کی ایک اسٹیٹمنٹ** جمع کروانی پڑ سکتی ہے کہ آپ کا مخالف کئی شرائط میں سے ایک پر پورا اترتا ہے۔ یہ جاننے کے لیے رہنماء برائے ضرورت کی سند یافتہ اسٹیٹمنٹس پڑھیں کہ ایک اسٹیٹمنٹ کب ضروری ہوتی ہے اور اس کو جمع کروانے کے لیے تفصیلی ہدایات کیا ہیں۔
- ❑ اگر آپ نے کسی سابقہ انتخاب میں حصہ لیا ہے، تو آپ کو CFB کو جرمانوں یا عوامی فنڈز کی واپس ادائیگی کی ذمہ داریاں پوری کرنی ہوں گی، اگر کوئی ہوں۔
- ❑ اگر آپ ایک پرائمری انتخاب ہار جاتے ہیں، مگر کسی دوسری لائن پر عام انتخاب لڑ رہے ہیں، تو آپ کو عام انتخابات کے عوامی فنڈز کے لیے اہل ہونے کے لیے درست دستاویزات کے ساتھ فعال امیدواری کا بیان جمع کروانا ہو گا۔

ان میں سے ہر ایک تقاضے کو پورا کرنے کی آخری تاریخ مختلف ہوتی ہے، جس کا انحصار عوامی فنڈز کی ادائیگیوں کی تاریخ پر ہوتا ہے۔ جب آپ قبل از بیلٹ ادائیگیاں حاصل کرنا چاہ رہے ہوں، تو جلد آخری تاریخوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ ادائیگی کی ہر تاریخ سے متعلقہ آخری تاریخیں عوامی سرمایہ کی ادائیگیوں کے اوقات اور اقسام میں موجود جدول میں پائی جا سکتی ہیں۔

## عوامی سرمایہ کی ادائیگیوں کے اوقات اور اقسام

2023 کے انتخابی دور کے لیے ادائیگی کی 13 تاریخیں طے شدہ ہیں۔ تمام شامل امیدواروں کے پاس قبل از بیلٹ ادائیگیوں کی پانچ تاریخوں پر عوامی فنڈز کے لیے اہل ہونے کا موقع ہے۔ باقی آٹھ ادائیگیوں کے لیے آپ کے اہل ہونے کے لیے آپ کا پرائمری اور/یا عام انتخاب کے بیلٹ پر ہونا ضروری ہے۔ عوامی فنڈز کے لیے اہل ہونے کے لیے، آپ کو دو حصوں کی مالی حد کو پورا کرنا ہو گا:

| دفتر | کم از کم جمع کردہ فنڈز | عطیہ کاروں کی کم از کم تعداد |
|---|---|---|
| سٹی کونسل | $5,000 | 75* |
| *ضلع کے رہائشیوں سے میچ ہونے کے قابل کم از کم 75 تعاون جمع کیے جانے چاہیں، جن میں سے ہر ایک کم از کم $10 ہو۔* | | |

میچنگ ریٹ، فی عطیہ کار میچ کیے جانے کے لیے اہل زیادہ سے زیادہ ڈالر رقم اور فی عطیہ کار زیادہ سے زیادہ عوامی فنڈز درجہ ذیل ہیں:

| دفتر | مماثل شرح | فی عطیہ کار میچ کیے جانے کے لیے اہل رقم | فی عطیہ کار زیادہ سے زیادہ عوامی سرمایہ |
|---|---|---|---|
| سٹی کونسل | $8–سے–$1 | $175 | $1,400 |

آپ سٹی کونسل کے امیدوار کے طور پر عوامی فنڈز کی زیادہ سے زیادہ جو مقدار وصول کر سکتے ہیں ذیل میں بیان کردہ ہے—اگر آپ پرائمری اور جنرل انتخاب، دونوں، میں بیلٹ پر ہوں، تو آپ ہر انتخاب کے لیے زیادہ سے زیادہ کے اہل ہو سکتے ہیں۔

| دفتر | **پرائمری انتخاب** کے لیے عوامی فنڈ کی زیادہ سے زیادہ ادائیگی | **عام انتخاب** کے لیے عوامی فنڈ کی زیادہ سے زیادہ ادائیگی |
|---|---|---|
| سٹی کونسل | $184,000 | $184,000* |

**نوٹ:** قبل از بیلٹ وصول ہونے والے کوئی بھی عوامی فنڈز پرائمری انتخاب (یا اگر آپ کی کوئی پرائمری نہ ہو، تو عام انتخاب) کے لیے آپ کو وصول ہونے کے قابل زیادہ سے زیادہ رقم میں شمار ہوتے ہیں۔

## قبل از بیلٹ ادائیگیاں

**قبل از بیلٹ ادائیگیوں کی پانچ تاریخیں** ہیں۔ امیدواروں کو عوامی فنڈز کی شیڈول شدہ ادائیگیوں کے لیے اہل ہونے کے لیے ذیل میں دکھائی گئی آخری تاریخوں تک **تمام** تقاضے مکمل کرنے ہوں گے۔

**ذیل میں دکھائی گئی تاریخیں اس تاریخ پر عوامی فنڈز کی اپنی پہلی ادائیگی وصول کرنے کے لیے آخری تاریخوں کی عکاسی کرتی ہیں۔** آپ کو ہر اگلی ادائیگی کے لیے یہ تقاضے پوری کرنے کی ضرورت نہیں ہے، مگر آپ کو عوامی فنڈز کی زیادہ سے زیادہ ادائیگی تک اضافی ادائیگیوں کے لیے اہل ہونے کے لیے فنڈ جمع کرنا اور اپنی انکشافی اسٹیٹمنٹس میں اضافی قابل قبول میچ کرنے کے دعووں کو ظاہر کرنا اور/یا ناقابل قبول دعووں کو درست کرنا جاری رکھنا ہو گا۔ یاد رکھیں کہ 2023 کے انتخابی دور کے لیے ادائیگی کے کل 13 مواقع ہیں۔

| تقاضے | ان تاریخوں پر اپنی پہلی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | 15 دسمبر 2022 | 17 جنوری 2023 | 15 فروری 2023 | 15 مارچ 2023 | 17 اپریل 2023 |
| ❑ دو حصوں کی مالی حد کو پورا کریں | DS #1 (واجب الادا 15 جولائی 2022) | | DS #2 (واجب الادا 17 جنوری 2023) | | DS #3 (واجب الادا 15 مارچ 2023) |
| ❑ جزوی سال کا COIB مالی انکشاف جمع کروائیں | 1 نومبر 2022 | | ناقابل اطلاق | | |
| ❑ پروگرام میں شامل ہوں<br>❑ تربیت کے تقاضے پورے کریں<br>❑ ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں (اگر ضروری ہو)<br>❑ اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی کا جواب جلدی جمع کروائیں (اختیاری) * | 23 نومبر 2022 | 22 دسمبر 2022 | 25 جنوری 2023 | 22 فروری 2023 | 27 مارچ 2023 |
| ❑ پورے سال کا COIB مالی انکشاف جمع کروائیں | 30 جنوری 2023† | | 23 جنوری 2023‡ | 21 فروری 2023 | 21 مارچ 2023 |

**قبل از بیلٹ عوامی فنڈ کی ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے، امیدواروں کے مقابلے میں اسی دفتر کے انتخاب کے لیے CFB کے پاس رجسٹر شدہ کم از کم ایک امیدوار ہونا چاہیے۔**

** ہو سکتا ہے کہ آپ اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی پر دی گئی آخری تاریخ سے پہلے اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی کا جواب جمع کروا کے (ادائیگی کی تاریخ سے کم از کم 15 ایام کار پہلے) اور میچنگ کے کوئی ناقابل قبول دعوے (IMCs) ٹھیک کر کے حد پوری کرنا ظاہر کرنے یا اپنی عوامی فنڈز کی ادائیگی کی رقم کو بڑھانے کے قابل ہو سکتے ہیں؛ ہینڈ بک کا باب 5 ملاحظہ کریں۔*

*† جزوی سال کا COIB مالی انکشاف جمع کروانے اور دسمبر 2022 اور/یا جنوری 2023 میں عوامی فنڈز وصول کرنے والے امیدواروں سے ان عوامی فنڈز کو واپس کرنے کا تقاضہ کیا جائے گا، ماسوائے یہ کہ وہ اس تاریخ تک پورے سال کا COIB انکشاف بھی جمع کروائیں۔*

*‡ 15 فروری کی ادائیگی کے حصول کے لیے کوشاں امیدواروں کو اس تاریخ تک پورے سال کا COIB انکشاف جمع کروانا ہو گا، اس بات سے قطع نظر کہ انہوں نے جزوی سال کا اندراج جمع کروایا۔*

**بجٹنگ:** اگر آپ کو عوامی فنڈز جلدی وصول ہو جاتے ہیں––خصوصًا اگر آپ زیادہ سے زیادہ کے لیے اہل ہیں–– تو ان فنڈز کا احتیاط سے بجٹ بنایا جانا چاہیے، تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پاس خرچ کی حد سے بڑھے بغیر انتخاب کا دن تک مہم چلانے کے لیے کافی فنڈز ہوں۔

**بیلٹ کی حیثیت:** اگرچہ یہ قبل از بیلٹ ادائیگیاں کوئی بھی بیلٹ بننے سے پہلے کی جائیں گی، آپ کا کم از کم ایک انتخاب کے لیے بیلٹ پر ظاہر ہونا ضروری ہے، بصورت دیگر آپ پر واپس ادائیگی کی بڑی ذمہ داری ہو گی۔ **اگر آپ فعال طور پر مہم نہیں چلا رہے، بشمول پٹیشن کے دستخط جمع کرنا اور NYC انتخابات بورڈ (Board of Elections, BOE) کو جمع کروانا، تو آپ کے لیے تمام وصول کردہ عوامی فنڈز واپس ادا کرنا ضروری ہو گا۔** پٹیشن دینے والے، مگر بیلٹ حاصل کرنے میں ناکام ہونے والے امیدواروں کو فورًا عوامی فنڈز خرچ کرنے روکنے ہوں گے اور ان پر واپس ادائیگی کی بڑی ذمہ داری ہو سکتی ہے۔

## بعد از بیلٹ ادائیگیاں

### پرائمری انتخاب

صرف ایسے امیدوار جو بیلٹ پر ہوں اور پرائمری انتخاب میں ان کا کوئی مخالف ہو اور ذیل میں دکھائی گئی آخری تاریخوں تک تقاضے پورے کریں پرائمری عوامی فنڈز کے لیے اہل ہیں۔ اگر آپ نے یہ تقاضے پہلے سے ہی مکمل کر لیے ہیں اور قبل از بیلٹ ادائیگیوں کے لیے اہل ہو گئے ہیں، تو آپ کو اضافی ادائیگیاں حاصل کرنے کے لیے انہیں دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں (ماسوائے یہ کہ ان فنڈز کی مکمل رقم حاصل کرنے، جن کے لیے آپ اہل ہوئے، کے لیے ضرورت کی ایک نئی اسٹیٹمنٹ کی ضرورت پڑ سکتی ہے) **یاد رکھیں:** آپ کو وصول ہونے والی کوئی بھی قبل از بیلٹ ادائیگیاں ان کل زیادہ سے زیادہ عوامی فنڈز میں شمار ہوتی ہیں، جو آپ کو پرائمری انتخاب میں موصول ہو سکتی ہیں۔

2023 پرائمری انتخاب کے لیے **تین شیڈول کردہ ادائیگی کی تاریخیں** ہیں۔

| | ان تاریخوں پر اپنی پہلی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے | | |
|---|---|---|---|
| **تقاضے** | **15 مئی 2023** | **2 جون 2023** | **23 جون 2023** |
| ❑ دو حصوں کی مالی حد کو پورا کریں | DS #3<br>(واجب الادا 15 مارچ 2023) | DS #4<br>(واجب الادا 26 مئی 2023) | DS #4<br>(واجب الادا 16 جون 2023) |
| ❑ ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں (اگر ضروری ہو) | 24 اپریل 2023 | 26 مئی 2023 | |
| ❑ تربیت کے تقاضے پورے کریں | 24 اپریل 2023 | 11 مئی 2023 | 22 مئی 2023 |
| ❑ پروگرام میں شامل ہوں | 1 مئی 2023 | | |
| ❑ پورے سال کا COIB مالی انکشاف جمع کروائیں† | 5 مئی 2023 | | |

**بیلٹ کے سیٹ ہونے کے بعد عوامی فنڈز سے ادائیگیاں وصول کرنے کے بعد، امیدواروں کے لیے بیلٹ پر کسی دوسرے امیدوار کی جانب سے مخالفت ہونا ضروری ہے۔** عوامی فنڈز پر پرائمری ادائیگیوں کے لیے زیادہ سے زیادہ رقم کے 25% تک حد لگائی گئی ہے، ماسوائے یہ کہ آپ یا مخالف ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں (کھلی سیٹوں کے لیے ضروری نہیں)۔

* *ضرورت کی اسٹیٹمنٹ پچھلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کی آخری تاریخ تک یا ادائیگی سے 15 ایام کار قبل، جو بھی بعد میں آئے، سے لے کر 32 دن قبل از انتخابات کی انکشافی اسٹیٹمنٹ تک جمع کروائی جانی چاہیے۔*

† *قانون کے مطابق، COIB مالی انکشاف تعیناتی کی پٹیشنز یا خودمختار نامزدگی کی پٹیشنز جمع کروانے کے آخری دن کے بعد 25 دنوں کے اندر جمع کروایا جانا چاہیے۔ چونکہ تعیناتی والی پٹیشن کی آخری تاریخ کو NYS لیجسلیچر کی جانب سے 31 مارچ 2023 کو 6 اپریل سے 10 پر منتقل کر دیا گیا تھا، COIB کی آخری تاریخ 1 مئی سے تبدیل ہو کر 5 مئی 2023 ہو گئی۔*

## عام انتخاب

صرف ایسے امیدوار جو عام انتخاب کے لیے بیلٹ پر ہوں اور ذیل میں دکھائی گئی آخری تاریخوں تک تقاضے پورے کریں عام انتخاب کے لیے عوامی فنڈز کے لیے اہل ہیں۔ بیلٹ عام طور پر BOE کی جانب سے پرائمری انتخاب کے نتائج کی تصدیق کیے جانے کے بعد بنائے جاتے ہیں۔ (اس عمل اور عام انتخاب کا بیلٹ بنانے کے لیے وقت کے متعلق BOE کی ویب سائٹ پر مزید جانیں۔) آپ "عام انتخاب کے بیلٹ پر" کسی مخصوص لائن پر ہوتے ہیں (a) اگر آپ نے پرائمری انتخاب لڑا ہو اور سند یافتہ انتخابات کی بنیاد پر جیتے ہوں (یا آپ کے ضلع اور پارٹی لائن سے کوئی حریف نہیں تھا، لہٰذا پرائمری منعقد نہیں ہوئی) یا (b) آپ نے کامیابی سے عام انتخابات کے لیے آزادانہ نامزدگی پٹیشنز جمع کراوئی ہیں۔ **نوٹ:** اگر آپ ایک پرائمری انتخاب لڑتے ہیں اور ہار جاتے ہیں، مگر کسی دوسری پارٹی لائن پر عام انتخاب لڑ رہے ہیں، تو آپ کو فعال امیدواری کا بیان جمع کروانا ہو گا اور عام انتخابات کے عوامی فنڈز کے لیے اہل ہونے کے لیے دستاویز بندی کرنی ہو گی کہ آپ ابھی بھی مہم جوئی کر رہے ہیں۔

2023 کے عام انتخاب کے لیے **ادائیگی کی پانچ شیڈول کردہ تاریخیں** ہیں اور اہلیت کی آخری تاریخیں ذیل میں جدول میں ہیں۔ **نوٹ:** اگر آپ نے قبل از بیلٹ یا پرائمری ادائیگی کے تقاضے پہلے سے پورے کر لیے ہیں، تو آپ کو عام انتخاب میں اضافی ادائیگیاں وصول کرنے کے لیے انہیں دوبارہ مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ بس اس کے بعد کے ہر انکشافی عرصے میں میچنگ کے اضافی دعوے جمع کروائیں۔ تاہم، تمام امیدوار عام انتخابات کے لیے زیادہ سے زیادہ عوامی فنڈز کا صرف 25% تک وصول کر سکتے ہیں، ماسوائے یہ کہ وہ ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں یا کسی حریف کو عام انتخابات کے لیے پہلے سے عوامی فنڈز مل چکے ہوں۔

| | ان تاریخوں پر اپنی پہلی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تقاضے | 15 جولائی 2023 | 10 اگست 2023 | 31 اگست 2023 | 13 اکتوبر 2023 | 2 نومبر 2023 |
| ❑ دو حصوں کی مالی حد کو پورا کریں | DS #5 (واجب الادا 16 جون 2023) | DS #6 (واجب الادا 17 جولائی 2023) | DS #7 (واجب الادا 25 اگست 2023) | DS #8 (واجب الادا 6 اکتوبر 2023) | DS #9 (واجب الادا 27 اکتوبر 2023) |
| ❑ پروگرام میں شامل ہوں | 1 مئی 2023 | | | | |
| ❑ تربیت کے تقاضے پورے کریں | 22 مئی 2023 | | | | |
| ❑ ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں (اگر ضروری ہو) | 23 جون 2023 | 20 جولائی 2023 | 25 اگست 2023 | 6 اکتوبر 2023 | 6 اکتوبر 2023 |
| ❑ پورے سال کا COIB مالی انکشاف جمع کروائیں | 26 جون 2023[†] | | | | |
| ❑ فعال امیدواری کا بیان جمع کروائیں (اگر آپ پرائمری میں ہار گئے ہوں) | ناقابل اطلاق | 20 جولائی 2023 | 10 اگست 2023 | 6 اکتوبر 2023 | 6 اکتوبر 2023 |

**بیلٹ کے سیٹ ہونے کے بعد عوامی فنڈز سے ادائیگیاں وصول کرنے کے بعد، امیدواروں کے لیے بیلٹ پر کسی دوسرے امیدوار کی جانب سے مخالفت ہونا ضروری ہے۔** عوامی فنڈز پر عام انتخاب کی ادائیگیوں کے لیے زیادہ سے زیادہ رقم کے 25% تک حد لگائی گئی ہے، ماسوائے یہ کہ آپ یا مخالف ضرورت کی اسٹیٹمنٹ جمع کروائیں (کھلی سیٹوں کے لیے ضروری نہیں)۔ 17 جولائی کی ادائیگی کے لیے اہلیت پر پرائمری کے عہدیدارنتائج کے وقت سے اثر پڑ سکتا ہے۔

** ضرورت کی اسٹیٹمنٹ پچھلی انکشافی اسٹیٹمنٹ کی آخری تاریخ تک یا ادائیگی سے 15 ایام کار قبل، جو بھی بعد میں آئے، سے لے کر 32 دن قبل از انتخابات کی انکشافی اسٹیٹمنٹ تک جمع کروائی جانی چاہیے۔*

*† قانون کے مطابق، COIB مالی انکشاف تعیناتی کی پٹیشنز یا خودمختار نامزدگی کی پٹیشنز جمع کروانے کے آخری دن کے بعد 25 دنوں کے اندر جمع کروایا جانا چاہیے۔ آزادانہ لائن پر مقابلہ نہ لڑنے والے امیدواروں پر پہلے کی آخری تاریخ (5 مئی 2023) کا اطلاق ہوتا ہے۔*

## عوامی سرمایہ کو روکنا اور کٹوتیاں

CFB عوامی فنڈز میں سے ہر ادائیگی کے 5% کو انتخاب سے پہلے آخری ادائیگی کی تاریخ تک روک کر رکھتا ہے۔ **2023 کے انتخابی دور سے شروع کرتے ہوئے مقامی قانون 048/2022 کے تحت، ایسے امیدوار، جو بیلٹ پر ہوں مگر CFB کی ووٹر گائیڈ کے لیے ویڈیو بیان میں شرکت کرنے میں ناکام ہو جاتے ہیں، یہ 5% رکی ہوئی رقم کھو دیں گے**۔ ابتدائی 2023 میں اپنے ووٹر گائیڈ بیان کی ویڈیو کا اسکرپٹ اور ٹیپنگ جمع کراونے کے حوالے سے اپنے امیدوار سروسز لائیزان کی جانب سے اعلانات پر نظر رکھیں۔

CFB کچھ ایسے مخصوص تعاون کے لیے بھی عوامی فنڈز روکتا ہے، جو شاید ایکٹ اور قواعد کے خلاف ہوں۔ اس کے علاوہ، مخصوص اقسام کے اخراجات بھی آپ کی عوامی فنڈز کی ادائیگی میں سے کٹوتیوں کا سبب بن سکتے ہیں (مزید معلومات کے لیے ہینڈ بک کا باب 6 ملاحظہ کریں)۔ آپ کے عوامی فنڈز کی ادائیگی میں سے کسی قسم کی روک اور کٹوتیوں کی تفصیل فراہم کرنے والا ایک ادائیگی کا خط شیڈول کردہ ادائیگی کی تاریخ پر آپ کی مہم کو بھیجا گا اور اس انکشافی اسٹیٹمنٹ کے لیے آپ کی اسٹیٹمنٹ کی نظرثانی تفصیلی معلومات فراہم کرے گی۔

ایک مرتبہ جب آپ اپنی ادائیگی کو متاثر کرنے والے تعمیل کے مسائل کو حل کر دیں (مثلاً میچنگ کے ناقابل قبول دعوے درست کرنا یا مہم کی جانب سے حد سے زیادہ/ممنوعہ تعاون کے ریفنڈ کیے جانے کی دستاویز بندی کرنا) اور یہ CFB کو ظاہر کر دیں، تو آپ مستقبل کی کسی ادائیگی میں اضافی یا روکے گئے عوامی فنڈز کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ قبل از انتخاب آڈٹنگ اور اسٹیٹمنٹ کی نظرثانیوں کے متعلق ہینڈ بک کے باب 5 میں مزید جانیں۔

## عوامی سرمایہ کے لیے نااہلیت

اس دستاویز کے صفحات 2-1 پر عوامی سرمایہ کے لیے اہل ہونے کے بنیادی تقاضوں کو پورا نہ کرنے کے علاوہ، آپ کی مہم عوامی فنڈز وصول کرنے کے لیے نااہل ہو سکتی ہے، اگر درج ذیل میں سے کوئی سچ ہو:

1. مہم کی جانب سے انکشاف کردہ مالی سرگرمی اور مہم کے بینک ریکارڈز میں دستاویز بند مالی سرگرمی کے درمیان رسیدوں میں 10% یا زیادہ کا اور ادائیگیوں میں 40% یا زیادہ کا فرق ("**اطلاع میں فرق**") ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر آپ کی مہم کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کی جانے والی اور اس میں سے خرچ کی جانے والی رقوم میں انکشاف کردہ تعاون اور/یا اخرجات سے بہت زیادہ فرق ہے، تو آپ عوامی فنڈز وصول کرنے سے نااہل ہو سکتے ہیں۔
2. مہم $99 سے زائد کے اپنے 25% یا زیادہ تعاون کے لیے **ملازمت کی معلومات** فراہم کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے۔
3. مہم جمع کروائے گئے میچنگ کے دعووں میں سے 20% یا زیادہ کے لیے مکمل اور درست **بیک اپ دستاویزات** فراہم کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے۔

دیگر ایسے کئی عناصر ہیں، جو نااہلیت کے فیصلے کا سبب بن سکتے ہیں، مثلاً CFB کی جانب سے درخواست کردہ دستاویزات فراہم کرنے میں ناکام ہو جانا یا خرچے کی حد سے بڑھ جانا؛ مزید معلومات کے لیے بورڈ قاعدہ (3-01(d ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم اپنے امیدوار سروسز لائیزان سے براہ راست یا CandidateServices@nyccfb.info پر رابطہ کریں۔

6/16/2023